پریس ریلیز

دی بینک آف پنجاب نے 2020 کی پہلی ششماہی کے مالیاتی نتائج کا اعلان کر دیا

بینک کے کل اثاثہ جات ایک کھرب کا سنگ میل عبور کر گئے

لاہور: دی بینک آف پنجاب کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا اجلاس 27 اگست 2020 کو منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران 30 جون 2020 کو اختتام پذیر ہونے والی پہلی ششماہی کے غیر آڈٹ شدہ مالی حسابات کی منظوری دی گئی۔

مالی سال 2020 کے پہلے چھ ماہ کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے بورڈ نے کووڈ-19 کے وبائی مرض کے نتیجے میں پیدا ہونے والے انتہائی سخت آپریٹنگ ماحول میں صارفین کے لئے بینکاری کی خدمات یقینی بنانے پر بینک کی انتظامیہ اور عملے کی کوششوں کو سراہا۔ بورڈ نے موجودہ معاشی صورتحال میں بینک کی مجموعی مالی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔

سال 2020 کی دوسری سہاہی کے دوران کووڈ-19 کی وجہ سے پیدا ہونے والی صورتحال کا ملکی معیشت پر اثر ظاہر ہونا شروع ہو گیا تھا تاہم سرمایہ کاری پر بہتر منافع کی بدولت بینک ان منفی اثرات کو زائل کرنے میں کامیاب رہا اور قابل ذکر کیپٹل گین جمع ہو سکے۔ بینک کا نیٹ انٹرسٹ مارجن 11.5 ارب روپے رہا جو کہ گزشتہ برس اسی مدت کے دوران 13.1 ارب روپے تھا۔ تاہم بینک کی نان مارک اپ/انٹرسٹ آمدن خاطر خواہ اضافہ کے ساتھ 6.9 ارب روپے رہی جو کہ گزشتہ سال کی متعلقہ مدت کے دوران 1.8 ارب روپے تھی۔ سال کی پہلی ششماہی کے دوران قبل از پروژن منافع 23 فیصد اضافہ کے ساتھ 9.8 ارب روپے ہو گیا جو کہ گزشتہ سال کی اسی مدت کے دوران 8.0 ارب روپے تھا۔ تاہم بینک کا بعد از ٹیکس منافع 3.6 ارب روپے رہا جو کہ پچھلے سال کی پہلی ششماہی کے دوران 4.0 ارب روپے تھا۔ سال 2020 کی پہلی ششماہی کے دوران بینک کی فی حصص آمدن 1.38 روپے رہی۔

30 جون 2020 کو بینک کے کل اثاثہ جات ایک کھرب کی سطح عبور کر گئے اور 1018.4 ارب روپے ہو گئے جو کہ 31 دسمبر 2019 کو 868.9 ارب روپے تھے۔ بینک کے ڈپازٹ 805.7 ارب روپے ہو گئے جبکہ سرمایہ کاری اور قرضہ جات بالترتیب 497.7 ارب روپے اور 431.4 ارب روپے رہے۔ بینک کی ٹیئر-1 ایکوٹی 43.0 ارب روپے رہی جبکہ کیپٹل ایڈکویسی ریشو (CAR) بہتر ہو کر 17.82 فیصد ہو گئی جو کہ 31 دسمبر 2019 کو 14.80 فیصد تھی۔ 30 جون 2020 کو بینک CAR کی مطلوبہ سطح پوری کر چکا ہے۔

پاکستان کریڈٹ ریٹنگ ایجنسی PACRA نے بینک کو بالترتیب طویل مدتی اور قلیل مدتی کریڈٹ ریٹنگ "AA" اور "A1+" دی ہے۔

بینک اپنے صارفین کو 624 آن لائن برانچوں بشمول 100 تقویٰ اسلامک بینکنگ برانچوں، کے ذریعے بینکنگ کی جدید سہولیات فراہم کر رہا ہے۔ بینک 563 اے ٹی ایم کے نیٹ ورک کے ذریعے 24/7 بینکنگ کی سہولیات صارفین کو فراہم کر رہا ہے۔